نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے چوتھے مرحلہ کی ریکوری جاری

کاشتکار 30 اکتوبر 2026 تک اپنے ذمہ واجب الادا رقم جمع کرائیں اور بذریعہ شفاف قرعہ اندازی کروڑوں روپے کے انعامات پائیں

لاہور: 20 اکتوبر 2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے چوتھے مرحلے کے بل کی ادائیگی کا عمل شروع ہو چکا ہے۔کاشتکار اپنے ذمہ واجب الادا کسان کارڈ کے بل کی 30 اکتوبر 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات جیتنے کا موقع پائیں۔قرعہ اندازی کے ذریعے کاشتکاروں کو ٹریکٹرز، موبائل فونز اور موٹر سائیکل کے انعامات دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی کے بعد 48 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو اگلے بلاسود زرعی قرضہ کی رقم اُن کے کسان کارڈ میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔کسان کارڈ بل کی ادائیگی قریبی بینک آف پنجاب کی برانچ، انٹر بینک ٹرانسفر یا راست آئی ڈی کے ذریعے بھی کی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆